PAKISTAN CUP WOMEN'S CRICKET TOURNAMENT 2023

پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ ٹورنامنٹ، ڈائنامائٹس نے چیلنجرز کو 8 وکٹوں سے ہرادیا، نشرا سندھو کی عمدہ بولنگ

کراچی، 27 مئی 2023:

ڈائنامائٹس نے پاکستان کپ ویمنز ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے تیسرے میچ میں چیلنجرز کو 8 وکٹوں سے شکست دیدی۔

یہ اس ٹورنامنٹ میں ڈائنامائٹس کی دوسری کامیابی ہے اس نے پہلے میچ میں بلاسٹرز کو 9 وکٹوں سے ہرایا تھا جبکہ چیلنجرز کی یہ دوسری شکست ہے۔ اسے اپنے پہلے میچ میں بلاسٹر کے خلاف 6 وکٹوں سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

اسٹیٹ بینک گراؤنڈ میں کھیلے گئے تیسرے میچ میں ڈائنامائٹس کی کپتان سدرہ امین نے ٹاس جیت کر چیلنجرز کو بیٹنگ دی۔ چیلنجرز کی پوری ٹیم 40.3 اوورز میں 119 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔

جویریہ رؤف نے دو چوکوں کی مدد سے 44 رنز بنائے۔ دوسرا بڑا اسکور کپتان عمیمہ سہیل کا رہا جنہوں نے 18 رنز اسکور کیے۔

ڈائنامائٹس کی طرف سے سلولیفٹ آرم بولر نشرا سندھو نے سات اوورز میں صرف 19 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

وحیدہ اختر، عالیہ ریاض اور غلام فاطمہ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

ڈائنامائٹس نے 28.1 اوورز میں صرف دو وکٹوں پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔

کپتان سدرہ امین اور خدیجہ چشتی نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 80 رنز کا اضافہ کیا۔ سدرہ امین پانچ چوکوں کی مدد سے 42 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ خدیجہ چشتی نے 33 رنز اسکور کیے انکی اننگز میں پانچ چوکے شامل تھے۔ بسمہ معروف 16 اور عالیہ ریاض 14 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔

نشرا سندھو اپنی عمدہ بولنگ کے سبب پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

ٹورنامنٹ کا چوتھا میچ پیر کے روز بلاسٹرز اور ڈائنامائٹس کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور۔

چیلنجرز 119 رنز (40.3 اوورز) جویریہ رؤف 44۔ نشرا سندھو 19/3 وکٹ

ڈائنامائٹس۔ 121 رنز 2 کھلاڑی آؤٹ (28.1 اوورز)۔ سدرہ امین 42۔ خدیجہ چشتی 33۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial